© rasailojaraid.com



## ششماہی امتحانات جامعہ علوم اُثریہ

جامعہ کے قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے ششماہی امتحانات مورخہ 4 اپریل بمطابق 15 ربیع الاول بروز بدھ سے شروع ہو کر مورخہ 12 اپریل بمطابق 23 ربیع الاول بروز جمعرات اختتام پذیر ہوں گے۔ ان شاء اللہ

# وفیات

## رئیس الجامعہ اور محمد اسحاق برادران کو صدمہ

مورخہ 11 فروری بروز اتوار رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے انتہائی قریبی رشتہ دار اور محمد اسحاق، یحییٰ محمد اور مشتاق احمد کے والد رحیم بخش وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحوم نماز کے پابند، متقی، پارسا اور بڑے ہی بااخلاق انسان تھے۔ ان کی نماز جنازہ مدینہ ٹاؤن میں مولانا احمد علی صاحب جبکہ جامعہ اثریہ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## جواد علی (پنجاب ٹریولز) اور شیخ جاوید (صائمہ کلاتھ سنٹر) کو صدمہ

مورخہ 21 فروری بروز بدھ جواد علی (مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب ٹریولز) کے والد اور شیخ جاوید برادرز کے بھائی شیخ عبدالرشید وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## راجہ مجاہد حسین (سوہاوہ) کو دوہرا صدمہ

گزشتہ دنوں راجہ مجاہد حسین کے چچا محمد امین (سلیال سوہاوہ) میں جبکہ چند دن کے بعد دوسرے چچا سید علی ملتان میں وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ان کی غائبانہ نماز جنازہ جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں نماز جمعہ کے بعد مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## قاضی عبدالاول اور قاضی امتیاز شکیل (کوٹلہ ائمہ) کو صدمہ

مورخہ 19 مارچ بروز سوموار قاضی عبدالاول کی ہمشیرہ اور قاضی امتیاز شکیل کی پھوپھی محترمہ کوٹلہ آئمہ میں وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com